ideal

استعمال کنندہ کا رہنما

لوجک+ کامبی
24 30 35

THE QUEEN'S AWARDS
FOR ENTERPRISE
INNOVATION
2013

دسمبر 2014
UIN 212140 A01 UR

اس اپلائنس کا کوئي جزء بدلتے وقت، صرف وہی کل پرزے استعمال کریں جن کے بارے میں آپ کو یقین ہو کہ وہ سلامتی وکارکردگی کے ان مواصفات کے مطابق ہیں جن کا ہم مطالبہ کرتے ہیں۔ ایسے مرمت شدہ یا نقلی اجزاء کا استعمال نہ کریں جن کی آئیڈیل نے صاف لفظوں میں اجازت نہ دی ہے۔

مواصفات اور دیکھ بھال کے ضابطوں سے متعلق لٹریچر کی انتہائی تازہ ترین کاپی کے لئے ہماری ویب سائٹ www.idealboilers.com ملاحظہ فرمائیں، جہاں سے آپ متعلقہ معلومات PDF فارمیٹ میں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

مشمولات

1. تعارف 3

سلامتی 3

بجلی کی سپلائی 3

اہم نوٹس 3

2. بوائلر آپریشن 4

کنٹرولس ڈائی گرام 4

بوائلر شروع کرنے کے لئے 4

آپریشن موڈز 5

پری ہیٹ ڈومسٹک ہاٹ واٹر 5

پانی کے درجۂ حرارت پر کنٹرول 5

کارگر ہیٹنگ سسٹم آپریشن 6

موسم کا معاوضہ (Compensation) 6

بوائلر فروسٹ پروٹیکشن 6

بوائلر دوبارہ شروع کرنا 6

مینس پاور آف 6

3. سسٹم واٹر پریشر 7

4. کثیف مادے کا اخراج 8

5. عام معلومات 9

بوائلر پمپ 9

کم از کم خالی جگہیں 9

گیس نکلنا 9

صفائی 9

دیکھ بھال 9

6. بوائلر یوزر کے لئے پوائنٹس 10

مسائل دور کرنا 11

7. ڈسپلے فنکشنس - نارمل آپریشن 12-13

8. ڈسپلے فنکشنس - سیٹنگس کی تبدیلیاں 14

9. ڈسپلے فنکشنس - فالٹ سے متعلق پیغامات 15-17

benchmark
COLLECTIVE MARK
THE MARK OF QUALITY FOR THE INSTALLATION, COMMISSIONING AND SERVICING OF DOMESTIC HEATING AND HOT WATER SYSTEMS

Ideal Stelrad Group بینچ مارک اسکیم (Benchmark scheme) کا ایک ممبر ہے اور پروگرام کے ہدف کی مکمل تائید کرتا ہے۔ بینچ مارک کا تعارف برطانیہ میں سنٹرل ہیٹنگ سسٹمز کے انسٹالیشن اور کمیشننگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے نیز سلامتی اور کارکردگی کو یقینی بنانے کی خاطر تمام سنٹرل ہیٹنگ سسٹمز کی باقاعدہ سروسنگ کی حوصلہ افزائی کے لئے کیا گیا ہے۔

ہر ایک سروس کے بعد بینچ مارک سروس انٹرول ریکارڈ کی تکمیل لازمی ہے

1. تعارف

لوجک + کامبی (Logic + Combi) ایک کمبینیشن بوائلر ہے جو سنٹرل ہیٹنگ اور فوری گھریلو گرم پانی فراہم کرتا ہے۔ کامل تسلسل والا خود کار اگنیشن اور فین کے تعاون سے کمبوشن اس کی خاص بات ہے۔

بوائلر کی اعلی کارکردگی کی وجہ سے، فلو گیس سے کثافت پیدا ہوتی ہے اور بوائلر کے نیچے لگے پلاسٹک کی ایک ویسٹ پائپ کے ذریعہ مناسب ڈسپوزل پوائنٹ پر ڈرین ہوتا ہے۔ فلو ٹرمینل پر ایک کثیف 'دھوئیں کا مرغولہ' بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

سلامتی

موجودہ نافذ العمل گیس سلامتی (انسٹالیشن اور استعمال) کے ضابطے یا قوانین.

آپ کے اپنے مفاد میں اور سلامتی کی خاطر قانون تقاضا کرتا ہے کہ بوائلر لازماً کسی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر (Gas Safe Registered Engineer) کے ذریعہ مذکورہ بالا ضابطوں کے تحت انسٹال کیا جانا چاہئے۔

جمہوریۂ آئر لینڈ (IE) میں، ضروری ہے کہ انسٹالیشن کو ایک رجسٹرڈ گیس انسٹالر (Registered Gas Installer) (RGII) انجام دے اور اسے I.S. 813 (گھریلو گیس انسٹالیشن" کے مطابق لگایا جائے، بجلی انسٹالیشن کے لئے موجودہ ETCI کے قوانین موجودہ بلڈنگ کے ضابطے اور حوالے کے لئے ضرور دیکھے جانے چاہئیں۔

بوائلر کی محفوظ اور اقتصادی آپریشن کے لئے ضروری ہے کہ اس کتابچہ میں دی گئی ہدایات کے سختی سے پابندی کیxc جائے

بجلی کی سپلائی

اس اپلائنس کے لئے ارتھ ضروری ہے۔

سپلائی: 230 والٹ ~ 50 ہرٹز۔ فیوزنگ 3A ہونی چاہئے۔

اہم نوٹس

- اس اپلائنس کو بغیر کیسنگ کے ہر گز نہیں چلانا چاہیئے جو کہ درست طور پر لگے ہوئے ہوں اور ایک مناسب سیل بناتے ہوں۔
- اگر بوائلر کسی کمپارٹمنٹ میں انسٹال کیا گیا ہے تو کمپارٹمنٹ کا استعمال لازماً ذخیرہ کاری کے مقاصد کے لئے نہیں کیا جانا چاہیئے۔
- اگر معلوم ہے یا شبہ ہے کہ بوائلر میں کوئی خرابی موجود ہے تو تب تک اس کا استعمل ہر گز نہیں کیا جانا چاہئے جب تک کہ خرابی کو کوئی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر یا IE کا کوئي رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) درست نہ کر دے۔
- کسی بھی صورت میں اس اپلائنس کی مہر بند (سیلڈ) عناصر کا غلط استعمال نہیں کیا جانا چاہئے نہ ہی اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کیا جانا چاہئے۔
- اس اپلائنس کا استعمال 8 سال یا اس سے زائد عمر کے بچے کر سکتے ہیں۔ اشخاص جن کی جسمانی، حسی یا دماغی صلاحیتیں کم ہوں، یا جن کے پاس تجربہ اور معلومات کی کمی ہو، سوائے اس کے کہ ان کی نگرانی کی گئی ہو یا اپلائنس کے محفوظ استعمال سے متعلق انہیں ہدایت دی گئی ہو اور وہ اس میں شامل خطرات کو سمجھتے ہوں۔ بچوں کو اپلائنس کے ساتھ کھیلنے سے احتراز کرنا چاہئے۔ صفائی اور استعمال کنندہ کی دیکھ بھال بغیر نگرانی کے بچوں کے ذریعہ انجام نہیں دی جانی چاہئے۔

2. بوائلر آپریشن



عام روایت

A. ڈومسٹک ہاٹ واٹر پری ہیٹ آن / آف ناب
B. ڈومسٹک ہاٹ واٹر ٹمپریچر ناب
C. سنٹرل ہیٹنگ ٹمپریچر ناب
D. موڈ ناب
E. بوائلر کی حالت
F. برنر 'آن' انڈیکیٹر
G. سسٹم پریشر گیج
H. سنٹرل ہیٹنگ ایکانومی سیٹنگ

بوائلر شروع کرنے کے لئے

اگر کوئی پروگرامر لگا ہوا ہے تو جاری رکھنے سے قبل پروگرامر کے لئے علیحدہ ہدایات کو رجوع کریں۔

درج ذیل ہدایات کے مطابق بوائلر کو شروع کریں:

1. جانچ کر لیں کہ بوائلر تک بجلی کی سپلائی آف ہو۔
2. موڈ ناب (D) کو **('آف') 'off'** پر سیٹ کر لیں۔
3. ڈومسٹک ہاٹ واٹر ٹمپریچر ناب (B) اور سنٹرل ہیٹنگ ٹمپریچر ناب (C) کو **('زائد از زائد') 'Max'**۔ پر سیٹ کر لیں۔
4. پری ہیٹ ناب (A) کو **('پری ہیٹ آن') 'preheat on'** پر سیٹ کر لیں۔
5. یقینی بنالیں کہ گرم پانی کی تمام ٹوٹیاں بند کردی گئی ہیں۔
6. بوائلر کے لئے بجلی کا سوئچ آن کر دیں اور جانچ کر لیں کہ تمام بیرونی کنٹرولز، مثال کے طور پر پروگرامر اور روم تھرمو اسٹیٹ آن ہیں۔
7. موڈ ناب (D) کو '' (موسم سرما) پر سیٹ کر لیں۔

بوائلر اگنیشن (احتراق) کا ایک سلسلہ شروع کر دے گا، پہلے وہ گھریلو گرم پانی کو گرم کرنے کے لئے حرارت فراہم کرے گا اور پھر ضروری ہونے کی صورت میں سنٹرل ہیٹنگ کو۔

***نوٹ۔** نارمل آپریشن میں بوائلر اسٹیٹس ڈسپلے (E) پیغامات ظاہر کرے گا (سیکشن 7 دیکھیں)۔*

***نوٹ۔** بوائلر کا انجماد سے تحفظ - اگر درجۂ حرارت 5 ڈگری سیلسیس سے کم ہے تو بوائلر فائر کرے گا۔*

نارمل آپریشن کے دوران انڈیکیٹر (F) پر موجود برنر برنر کے جلنے کے دوران روشن رہے گا۔

نوٹ۔ اگر پانچ بار کوششوں کے باوجود بوائلر کی لائٹ نہیں جلتی ہے تو فالٹ کے درج ذیل پیغامات ظاہر ہوں گے ***"اگنیشن لاگ آؤٹ" - "1 گیس کے دیگر اپلائنس کی کارکردگی کی جانچ کر لیں" - "2 بوائلر دوبارہ شروع کریں" - 3 انسٹالر سے رابطہ کریں"۔***

بوائلر دوبارہ شروع کرنے کے لئے، موڈ ناب کو (دوبارہ شروع کریں) restart پوزیشن میں گھمائیں اور پھر فوراً ناب کو واپس مطلوبہ سیٹنگ کی طرف گھما دیں۔ بوائلر اگنیشن (احتراق) کے سلسلہ کو دوہرائے گا۔ اگر بوائلر کی لائٹ اب بھی نہیں جلتی ہے تو گیس سیف کے رجسٹرڈ انجنئر کو یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) کو رجوع کریں۔

آپریشن موڈز

موسم سرما کی حالتیں - (سنٹرل ہیٹنگ اور گھریلو گرم پانی کی ضرورت ہوتی ہے)

موڈ ناب (D) کو (موسم سرما) '' پر سیٹ کر لیں۔

بوائلر میں آگ جلے گی اور ریڈیئٹر میں حرارت سپلائی ہوگی مگر ڈیمانڈ ہونے پر گھریلو گرم پانی کو ترجیح دے گا۔

ڈومسٹک ہاٹ واٹر پری ہیٹ کام کرے گا جب کہ پری ہیٹ ناب (A) کو **('پری ہیٹ آن') 'preheat on'** پر سیٹ کر دیا جائے۔

موسم گرما کی حالتیں - (صرف گھریلو گرم پانی کی ضرورت ہوتی ہے)
موڈ ناب (D) کو (موسم گرما) '' پر سیٹ کر لیں۔

بیرونی کنٹرولس پر موجود سنٹرل ہیٹنگ ڈیمانڈ کو آف پر سیٹ کر لیں۔

ڈومسٹک ہاٹ واٹر پری ہیٹ کام کرے گا جب کہ پری ہیٹ ناب (A) کو **('پری ہیٹ آن') 'preheat on'** پر سیٹ کر دیا جائے۔

بوائلر آف

موڈ ناب (D) کو **('بوائلر آف') 'boiler off'** پر سیٹ کر لیں۔ انجماد سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے بوائلر کی مینس پاور سپلائی لازماً آن رکھی جانی چاہئے (انجماد سے تحفظ ملاحظہ کریں)۔

پری ہیٹ - ڈومسٹک ہاٹ واٹر

بوائلر کے اندر موجود ڈومسٹک ہاٹ واٹر ایکسچینجر کو نل میں گرم پانی کے تیز تر ڈلیوری کے لئے 'پری ہیٹیڈ' پر رکھا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کو 'پری ہیٹ آن / آف ناب (A) کو **('پری ہیٹ آن') 'preheat on'** پر رکھ کر حاصل کیا جاتا ہے۔

ایک پہلے سے گرم حالت میں ڈومسٹک ہاٹ واٹر ہیٹ اکسچینجر کو برقرار رکھنے کے لئے بوائلر کبھی کبھار چند سکنڈوں کے لئے چلے گا۔ آپریشن کے درمیان متوسط مدت 90 منٹ کی ہوتی ہے۔ بوائلر کے اطرافی درجۂ حرارت کی وجہ سے اس میں بہت فرق ہو سکتا ہے۔ جب کبھی بھی ڈومسٹک ہاٹ واٹر کی ڈیمانڈ ہوگی بوائلر کام کرے گا۔

اگر گرم پانی کی معیاری ڈلیوری اطمینان بخش ہے تو ناب (A) کو **('پری ہیٹ آف') 'preheat off'** پر گھما دیں۔

پانی کے درجۂ حرارت پر کنٹرول

ڈومسٹک ہاٹ واٹر

گھریلو گرم پانی کے درجۂ حرارت کو بوائلر کنٹرولس زائد از زائد °64 سیلسیس پر محدود رکھتے ہیں، جس کو گھریلو گرم پانی کے درجۂ حرارت کے ناب (B) کے ذریعہ بدلا جا سکتا ہے۔

گھریلو گرم پانی کے لئے تقریبی درجۂ حرارت:

ناب کی سیٹنگ	گرم پانی کا درجۂ حرارت (تقریبی)
کم از کم	°40 سیلسیس (°104فارنہائٹ)
زیادہ سے زیادہ	°64 سیلسیس (°147فارنہائٹ)

الگ الگ سسٹم اور موسمی درجۂ حرارت میں اختلاف کی وجہ سے گھریلو گرم پانی کے بہاؤ کی شرحیں/ درجۂ حرارت میں بڑھوتری مختلف ہو سکتی ہیں، جس کی وجہ سے نل کے پاس توازن بنانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ بہاؤ کی شرح جس قدر کم ہوگی درجۂ حرارت اسی قدر زیادہ ہوگا، اور اس کے برعکس۔

سنٹرل ہیٹنگ

بوائلر سنٹرل ہیٹنگ ریڈیئیٹر کے درجۂ حرارت کو زیادہ سے زیادہ °80 سیلسیس پر کنٹرول کرتا ہے، جس کو سنٹرل ہیٹنگ درجۂ حرارت ناب (C) کے ذریعہ بدلا جا سکتا ہے۔

سنٹرل ہیٹنگ کے لئے تقریبی درجات حرارت:

ناب کی سیٹنگ	سنٹرل ہیٹنگ ریڈیئیٹر درجۂ حرارت (تقریبی)
کم از کم	°45 سیلسیس (°113فارنہائٹ)
زیادہ سے زیادہ	°80 سیلسیس (°176فارنہائٹ)

ایکانومی سیٹنگ کے لئے 'e' کارگر ہیٹنگ سسٹم آپریشن کو رجوع کریں۔

کارگر ہیٹنگ سسٹم آپریشن

بوائلر ایک اعلی کارکردگی والا کنڈنسنگ اپلائنس ہے جو کہ گرمی کی ڈیمانڈ کی مطابقت کے لئے اپنے آؤٹ پٹ کو خود کار طریقہ سے ہم آہنگ بنا لے گا۔ اس طرح گرمی کی ڈیمانڈ کم ہونے کے ساتھ ساتھ گیس کا صرفہ بھی کم ہو جاتا ہے۔

بوائلر اپنی انتہائی کارکردگی کے دوران فلو گیسیز سے پانی کو کثیف بناتا ہے۔ آپ کے بوائلر کو اچھی طرح چلانے کے لئے (جس میں گیس کا استعمال ہو) سنٹرل ہیٹنگ درجۂ حرارت کے ناب (C) کو '**e**' پوزیشن میں رکھیں یا کم پر کریں۔ سردیوں میں گرمی کی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے ناب کو **('زیادہ سے زیادہ') Max'** کی پوزیشن میں رکھنا ضروری ہو سکتا ہے۔ اس کا انحصار گھر اور زیر استعمال ریڈیئیٹر پر ہوگا۔

کمرے کے تھرمو اسٹیٹ کی سیٹنگ کم کر کے 1º سیلسیس پر لانے سے گیس کا صرفہ 10% تک کم ہو سکتا ہے۔

موسم کا معاوضہ

جب موسم کا معاوضہ (Weather Compensation) آپشن سسٹم میں لگا ہو تو سنٹرل ہیٹنگ کے درجۂ حرارت کا ناب (C) کمرے کے درجۂ حرارت کو کنٹرول کرنے کا ایک وسیلہ بن جاتا ہے۔ کمرے کے درجۂ حرارت کو بڑھانے کے لئے ناب کو گھڑی کی سمت میں گھمائیں اور کمرے کے درجۂ حرارت کو کم کرنے کے لئے گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں۔ جب مطلوبہ سیٹنگ حاصل ہو جائے تو ناب کو اس پوزیشن میں چھوڑ دیں اور سسٹم خود کار طریقہ سے باہری موسم کی تمام حالتوں کے لئے کمرے کا مطلوبہ درجۂ حرارت حاصل کر لے گا۔

بوائلر کا انجماد سے تحفظ

بوائلر کو انجماد سے تحفظ کے ساتھ فٹ کیا گیا ہے جو تمام موڈز میں چلتا ہے، بشرطیکہ کہ بوائلر تک بجلی کی سپلائی ہمہ وقت آن رہے۔ اگر بوائلر میں موجود پانی کا درجۂ حرارت 5º سیلسیس سے کم ہوجاتا ہے تو انجماد سے تحفظ سرگرم ہو جائے گا اور وہ انجماد سے بچنے کے لئے بوائلر کو چلا دے گا۔ یہ طریق کار اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ سسٹم کے دیگر تمام اجزاء محفوظ رہیں گے۔
اگر کوئی سسٹم فروسٹ تھرمو اسٹیٹ لگایا گیا ہے تو بوائلر کو لازماً موسم سرما موڈ میں ہونا چاہئے '' تاکہ سسٹم فروسٹ پروٹیکشن کام کر سکے۔
اگر کوئی سسٹم فروسٹ پروٹیکشن فراہم نہیں کیا جاتا ہے اور گھر سے مختصر غیر حاضری کے دوران فروسٹ کا امکان ہے تو سسٹم کے ہیٹنگ کنٹرولز اور بلٹ ان پروگرامر (اگر فٹ کیا گیا ہو) کو سوئچ آن چھوڑ دینے اور کسی کم درج ۂ حرارت کی سیٹنگ پر چلانے کی سفارش کی جاتی ہے۔ زیادہ لمبی مدتوں کے لئے، مکمل سسٹم کا ڈرین کیا جانا ضروری ہے۔

بوائلر دوبارہ شروع کرنا

بوائلر دوبارہ شروع کرنے کے لئے، جب اس کی ہدایت فالٹ پیغامات کی فہرست(سیکشن 9 دیکھیں) میں کی جائے تو موڈ ناب (D) کو گھما کر **('دوبارہ شروع کریں') 'restart'** پوزیشن میں کر لیں اورفوراً ناب کو گھما کر واپس مطلوبہ سیٹنگ میں کر لیں۔ بوائلر اپنے اگنیشن (احتراق) کے سلسلہ کو دوہرائے گا۔ اگر بوائلر اب بھی شروع نہیں ہوتا ہے تو گیس سیف کے رجسٹرڈ انجنئر کو یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) کو رجوع کریں۔

مینس پاور آف

بوائلر سے تمام پاور ہٹانے کے لئے مینس پاور کے سوئچ کا آف کرنا ضروری ہے۔

3. سسٹم واٹر پریشر

سسٹم پریشر گیج (G - صفحہ 4 دیکھیں) سنٹرل ہیٹنگ سسٹم کے پریشر کو بتلاتا ہے۔ اگر ایک لمبی مدت تک پریشر دیکھنے میں اصل انسٹالیشن پریشر سے 1-2 بار نیچے گر جاتا ہے اور اس کا گرنا جاری رہتاہے تو پانی کے کسی رساؤ کا عندیہ ہو سکتاہے۔ اس صورت میں سسٹم کو دوبارہ پریشرائز کریں جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔ اگر ایسا کرنے پر قادر نہ ہوں یا اگر پریشر گرتا ہی رہتا ہے تو ایک گیس سیف رجسٹرڈ انجنیئر یا IE میں ایک رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کیا جانا چاہئے۔

اگر پریشر اس حالت میں 0.3 بار سے کم ہو گیا ہے تو بوائلر کام نہیں کرے گا۔

سسٹم کو ٹاپ اپ کرنے کے لئے:-

1. یقینی بنائیں کہ **A** اور **B** دونوں ہینڈل (نیلا) بند پوزیشن میں ہوں (جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے)
2. پلگ اور ڈھکن ہٹائیں اور برقرار رکھیں۔
3. فلنگ لوپ کو ڈومسٹک ہاٹ واٹر (DHW) انلیٹ سے مربوط کرکے کس دیں۔ نیز یقینی بنائیں کہ فلنگ لوپ کا دوسرا سرا ہاتھ سے کس دیا گیا ہے۔
4. ڈومسٹک ہاٹ واٹر (DHW) انلیٹ **A** نیلے ہینڈل کو افقی پوزیشن میں گھمائیں۔
5. اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ کوئي رساؤ نہ دکھے، **B** دھیرے دھیرے فلنگ لوپ ہینڈل (نیلا) کو افقی پوزیشن میں گھمائیں۔
6. پریشر گیج کے 1 تا 1.5 بار تک پہنچنے کا انتظار کریں۔
7. جب پریشر حاصل ہو جائے تو والو **A** اور **B** کو واپس بند پوزیشن کی طرف گھمائیں۔
8. فلنگ لوپ کو منقطع کر دیں، ڈھکن اور پلگ لگا دیں۔ نوٹ کر لیں کہ اس لمحہ تھوڑا پانی بہہ سکتاہے۔

شروعاتی پوزیشن



فلنگ پوزیشن



4. کثیف مادے کا اخراج

اس اپلائنس کو ایک سیفونک کثیف مادے کو روکنے والے نظام کے ساتھ لگایا گیا ہے جو کہ اپلائنس کے کثیف مادے کے انجماد کے خطرے کو کم کرتا ہے۔ تاہم، اگر اس اپلائنس میں لگی کثیف مادے کی پائپ منجمد ہو جاتی ہے تو براہ کرم درج ذیل ہدایات کی تعمیل کریں:

a. اگر آپ ڈی فروسٹنگ (انجماد ختم کرنے) سے متعلق درج ذیل ہدایات کو انجام دینے کے لئے خود کو اہل نہیں پاتے ہیں تو براہ کرم مدد کے لئے اپنے مقامی گیس سیف رجسٹرڈ انسٹالر کو کال کریں۔

b. اگر آپ درج ذیل ہدایات کو انجام دینے کے لئے خود کو اہل پاتے ہیں تو براہ کرم گرم برتنوں کو ہاتھ لگاتے وقت دھیان سے کام کریں۔ زمینی سطح کے اوپر پائپ ورک کو پگھلانے کی کوشش نہ کریں۔

اگر یہ اپلائنس اپنے کثیف مادے کے پائپ میں انسداد پیدا کر لیتا ہے تو اس کی کثافت اس حد تک بڑھ جائے گی کہ قبل اس کے کہ ڈسپلے پر "اگنیشن لاک آؤٹ" دکھا کر بند ہو جائے اس سے گھرگھراہٹ کی ایک آواز آئے گی۔ اگر اپلائنس کو دوبارہ شروع کیا جاتا ہے تو ڈسپلے پر "اگنیشن لاک آؤٹ" دکھا کر بند ہونے سے قبل اس سے گھرگھراہٹ کی ایک آواز آئے گی۔

ایک منجمد کثیف مادے کی پائپ کو کھولنے کے لئے؛

1. اپلائنس پر اس کے ایگزٹ پوائنٹ سے پلاسٹک پائپ کے روٹ کو دیکھیں، اس کے روٹ سے لے کر اس کے آخری پوائنٹ تک۔

منجمد انسداد کی تحدید کریں۔ اس بات کا امکان ہے کہ پائپ سب سے زیادہ اکسپوزڈ پوائنٹ پر منجمد ہو، عمارت کے باہر یا جہاں پر بہاؤ میں کچھ رکاوٹ ہے۔ یہ پائپ کے کھلے سرے، موڑ یا کہنی کے پاس ہو سکتا ہے یا جہاں پائپ کے اندر گڑھا ہے جس میں کہ کثیف مادہ اکٹھا ہو سکتا ہے۔ مزید کارروائی کرنے سے پہلے انسداد کی جگہ کی حتی الامکان درست شناخت کی جانی چاہئے۔

2. گرم پانی کی کوئی بوتل، مائکرو ویو والا کوئی ہیٹ پیک یا گرم گیلا کپڑا منجمد بند جگہ پر لگائیں۔ کلی طور پر انجماد ختم ہونے سے پہلے متعدد بار اس کو لگانا پڑ سکتا ہے۔

پانی کے کسی ڈبے یا اس جیسی کسی چیز کے ذریعہ پائپ پر گرم پانی بھی انڈیلا جا سکتا ہے۔ ابلے پانی کا استعمال نہ کریں۔

3. گرم پانی کا استعمال کرتے وقت احتیاط برتیں کیوں کہ یہ منجمد ہو سکتا ہے اور دیگر مقامی خطرات پیدا کر سکتا ہے۔

4. انسداد ختم ہونے کے بعد اور جب کثیف مادہ بے روک بہنے کے قابل ہو تو اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں۔ ("بوائلر جلانے کے لئے" کو رجوع کریں)

5. اگر اپلائنس چالو نہیں ہوتا ہے تو اپنے گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر کو کال کریں۔

حفاظتی حل

سرد موسم کے دوران، سنٹرل ہیٹنگ درجۂ حرارت ناب (C) کو زائد از زائد پر سیٹ کر دیں، (جب سردی ختم ہو جائے تو لازماً اصل سیٹنگ پر واپس ہو جانا چاہئے)۔

ہیٹنگ کو مسلسل رکھیں اور کمرے کے تھرمو اسٹیٹ کو رات بھر یا جب اس میں لوگ ہوں تو 15º سیلسیس پر رکھیں۔ (سردی ختم ہو جائے تو معمول پر واپس ہو جائیں)۔

5. عام معلومات

بوائلر پمپ

بوائلر پمپ بطور ایک از خود جانچ کے ہر 24 گھنٹے میں ایک بار چلے گا، خواہ سسٹم ڈیمانڈ کچھ بھی ہو۔

کم از کم خالی جگہیں

165 مم (6 1/2") اوپر، 100 مم (4") نیچے، 2.5 مم (1/8") کناروں پر اور 450 مم (17 3/4") بوائلر کیسنگ کے سامنے سروسنگ کے لئے لازماً رکھی جانی چاہئے۔

نیچے کی طرف خالی جگہ

انسٹالیشن کے بعد نیچے کی طرف خالی جگہ 5 مم تک کم کی جا سکتی ہے۔

اسے لازماً ایک آسانی سے ہٹائے جانے والے پینل کی مدد سے حاصل کیا جانا چاہئے، تاکہ سسٹم پریشر گیج دکھائی دے اور تاکہ سروسنگ کے لئے ضروری 100 مم کی خالی جگہ فراہم ہو سکے۔

سروس درخواست فنکشن

اگر بوائلر کو انسٹال کئے ہوئے 1 سال گزر چکا ہے تو اسکرین پر درج ذیل پیغام ظاہر ہوگا ***"12 ماہ کے سروس کے وقفہ کی درخواست کے لئے انسٹالرسر رابطہ کریں"***۔
صاف کرنے کے لئے موڈ ناب کو Restart (دوبارہ شروع کریں) پوزیشن میں 3 سیکنڈ تک گھمائیں۔

گیس نکلنا

اگر گیس کے رساؤ یا خرابی کا شبہ ہو تو بلا تاخیر (نیشنل گیس ایمرجنسی سروس) National Gas Emergency Service سے رابطہ کریں۔
ٹیلی فون 0800 111 999.

درج ذیل چیزوں کو یقینی بنائیں؛

- آگ کی تمام ننگی لووں کو بجھا دیا گیا ہے
- بجلی کی سوئچوں کو نہ چلائیں
- **تمام کھڑکیوں اور دروازوں کو کھول لیں**

صفائی

معمول کی صفائی کے لئے بس کسی سوکھے کپڑے سے گرد جھاڑ دیں۔ گہرے نشانات اور دھبوں کو ہٹانے کے لئے، کسی گیلے کپڑے سے پونچھنے کے بعد کسی سوکھے کپڑے سے سکھا دیں۔ ***رگڑنے والے صفائی مواد کا استعمال نہ کریں۔***

دیکھ بھال

کسی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) کے ذریعہ اپلائنس کی سروسنگ سال میں ایک بار ضرور ہونی چاہئے۔

6. بوائلر استعمال کنندہ کے لئے پوائنٹس

نوٹ۔ *ضمانت سے متعلق اپنی موجودہ پالیسی کے مطابق ہم درخواست کریں گے کہ آپ درج ذیل ہدایت کے ذریعہ جانچ کر لیں تاکہ آپ بوائلر کے کسی بھی بیرونی پریشانیوں کی شناخت کر سکیں قبل اس کے کہ آپ کسی سروس انجنئر کے آنے کی درخواست کریں۔ اگر پتہ چلتا ہے کہ پریشانی اپلائنس کے علاوہ کچھ اور ہے تو ہم آنے کے لئے چارج کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں، یا کسی بھی پہلے سے طے شدہ دورے کے لئے جہاں انجنئر رسائی حاصل نہ کر سکے۔*

کسی بھی پوچھ تاچھ کے لئے براہ کرم
IDEAL کنزیومر ہیلپ لائن سے رابطہ کریں: 01482 498660

نوٹ۔ بوائلر دوبارہ شروع کرنے کی کارروائی -
بوائلر دوبارہ شروع کرنے کے لئے، موڈ ناب کو (دوبارہ شروع کریں) restart پوزیشن میں گھمائیں اور پھر فوراً ناب کو واپس مطلوبہ سیٹنگ کی طرف گھما دیں۔
بوائلر اگنیشن (احتراق) کے سلسلہ کو دوہرائے گا۔

گرم پانی نہیں

جانچ کر لیں کہ مین پاور آن ہو اور یقینی بنائیں کہ موڈ ناب (D) سردی کی پوزیشن میں ہو

کیا آن کرنے پر گرم پانی کے نل سے پانی نکل رہا ہے؟

ہاں

بوائلر کے "ڈسپلے فنکشنس" کا حصّہ دیکھیں اگر 'بوائلر آف' ظاہر ہوتا ہے تو آئیڈیل کسٹمر سروسیز ہیلپ لائن سے رابطہ کریں اگر آپ کا اپلائنس ضمانت کے تحت ہے یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہو تو کسی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر کو، یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) کو

نہیں

کسی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں

سنٹرل ہیٹنگ نہیں

جانچ کر لیں کہ مین پاور آن ہو اور یقینی بنائیں کہ موڈ ناب (D) سردی کی پوزیشن میں ہو

جانچ کر لیں کہ پروگرامر (بوائلر کے اندرونی یا بیرونی حصّہ میں) "آن" پوزیشن میں ہو اور کمرے کا تھرمو اسٹیٹ اوپر کر دیا گیا ہو

کیا بوائلر چلتا ہے اور سنٹرل ہیٹنگ فراہم کرتا ہے؟

ہاں

جانچ کر لیں کہ پروگرامر پر سیٹنگیں آپ کی ضرورت کے مطابق ہوں اور ضروری ہونے کی صورت میں انہیں درست کریں

نہیں

بوائلر کے "ڈسپلے فنکشنس" کا حصّہ دیکھیں اگر 'بوائلر آف' ظاہر ہوتا ہو تو گیس سیف کے رجسٹرڈ انجنئر کو یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں

گرم پانی یا سنٹرل ہیٹنگ نہیں

جانچ کر لیں کہ مین پاور آن ہو اور یقینی بنائیں کہ موڈ ناب (D) سردی کی پوزیشن میں ہو

کیا بوائلر میں کوئی ڈسپلے ہے جو سامنے کے کنٹرول پینل پر دکھا رہا ہو؟

ہاں

بوائلر کے "ڈسپلے فنکشنس" کا حصّہ دیکھیں

نہیں

کسی گیس سیف رجسٹرڈ انجنئر یا IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں

7. ڈسپلے فنکشنس - نارمل آپریشن موڈ

ڈسپلے کسی بھی آپریشنل حالت میں زائد از زائد 3 پیغامات کو اسکرال کرتا ہے، جیسا کہ ذیل میں ظاہر ہے۔

نوٹ. *ذیل میں دکھائے گئے درجہ ہائے حرارت صرف نمائش کے مقاصد کے لئے ہے۔ پیمائش شدہ درجہ ہائے حرارت بوائلر پر ظاہر ہوگا۔*

نارمل آپریشن	**پیغام 1**	**پیغام 2**	**پیغام 3**
موڈ ناب آف پوزیشن میں اور حرارت کی کوئی ڈیمانڈ نہیں	*Boiler off* بوائلر آف		
موڈ ناب موسم سرما ( ) کی پوزیشن میں اور حرارت کی کوئی ڈیمانڈ نہیں	*Summer setting* موسم سرما کی سیٹنگ		
موڈ ناب موسم سرما ( ) کی پوزیشن میں اور حرارت کی کوئی ڈیمانڈ نہیں	*Winter setting* موسم سرما کی سیٹنگ	*Timer or room stat off* ٹائمر یا روم اسٹیٹ آف	
گھریلو گرم پانی آپریشن گھریلو گرم پانی 64 ڈگری سیلسیس یا 50 ڈگری سیلسیس یا اس سے کم پر سیٹ کیا گیا	*Hot water* گرم پانی	*Temperature 64º* *Temperature 50ºC* درجہ حرارت 64 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت 50 ڈگری سیلسیس	*High efficiency* *Super efficiency* ہائی کارکردگی سوپر کارکردگی
سنٹرل ہیٹنگ آپریشن سنٹرل ہیٹنگ 80 ڈگری سیلسیس یا 60 ڈگری سیلسیس یا اس سے کم پر سیٹ کیا گیا	*Central heating* سنٹرل ہیٹنگ	*Radiators 80ºC* *Radiators 60ºC* ریڈیئیٹرس 80 ڈگری سیلسیس ریڈیئیٹرس 60 ڈگری سیلسیس	*High efficiency* *Super efficiency* ہائی کارکردگی سوپر کارکردگی

7. (جاری) ڈسپلے فنکشنس - نارمل آپریشن موڈ

پری ہیٹ آپریشن گھریلو گرم پانی 59 ڈگری سیلسیس یا 50 ڈگری سیلسیس یا اس سے کم پر سیٹ کیا گیا	*Pre heat setting* پری ہیٹ سیٹنگ	*Temperature 59ºC* *Temperature 50ºC* درجہ حرارت 59 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت 50 ڈگری سیلسیس	*High efficiency* *Super efficiency* ہائی کارکردگی سوپر کارکردگی
بوائلر فروسٹ پروٹیکشن	*Boiler running freeze protection cycle* بوائلر انجماد سے تحفظ کے سائیکل پر چل رہا ہے	*Temperature 5ºC* درجہ حرارت 5 ڈگری سیلسیس	*Super efficiency* سوپر کارکردگی
پمپ اوور رن	*Normal boiler operaton* نارمل بوائلر آپریشن	*Going to Standby* اسٹینڈ بائی ہونے جارہا ہے	
فین پوسٹ پرج	*Normal boiler operation* نارمل بوائلر آپریشن	*Going to Standby* اسٹینڈ بائی ہونے جارہا ہے	
سروس درکار ہے	*12 month service interval request* 12 ماہ سروس کے وقفہ کی درخواست	*Contact Installer* انسٹالر سے رابطہ کریں	*Restart to clear* صاف کرنے کے لئے دوبارہ شروع کریں

8. ڈسپلے فنکشنس - سیٹنگس تبدیل شدہ

نوٹ. *ذیل میں دکھائے گئے درجہ ہائے حرارت صرف نمائش کے مقاصد کے لئے ہے۔ پیمائش شدہ درجہ ہائے حرارت بوائلر پر ظاہر ہوگا۔*

نارمل آپریشن	**پیغام 1**	**پیغام 2**	**پیغام 3**
پری ہیٹ ناب کو آف پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Pre heat off* پری ہیٹ ہاف		
پری ہیٹ ناب کو آن پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Pre heat on* پری ہیٹ آن		
DHW درجہ حرارت ناب گھما دیا گیا	*64ºC DHW temp* 64 ڈگری سیلسیس DHW درجہ حرارت	*Hot water temperature set to 64ºC* گرم پانی کا درجہ حرارت 64 ڈگری سیلسیس پر سیٹ کر دیا گیا	
CH درجہ حرارت ناب گھما دیا گیا	*80ºC CH temp* 80 ڈگری سیلسیس CH درجہ حرارت	*Maximum radiator temperature set to 80ºC* زائد از زائد ریڈیئیٹر کا درجہ حرارت 80 ڈگری سیلسیس پر سیٹ کر دیا گیا	
موڈ ناب آف پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Boiler off* بوائلر آف	*Central heating off* سنٹرل ہیٹنگ آف	*Hot water off* گرم پانی آف
موڈ ناب موسم گرما ( ) پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Summer setting* موسم گرما کی سیٹنگ	*Central heating off* سنٹرل ہیٹنگ آف	*Hot water on* گرم پانی آن
موڈ ناب موسم سرما ( ) پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Winter setting* موسم سرما کی سیٹنگ	*Central heating on* سنٹرل ہیٹنگ آن	*Hot water on* گرم پانی آن
موڈ ناب دوبارہ شروع کریں کی پوزیشن میں گھما دیا گیا	*Restart* دوبارہ شروع کریں		

9. ڈسپلے فنکشنس - فالٹ سے متعلق پیغامات

بوائلر ڈسپلے کا پیغام	وضاحت	کارروائی
Outside Sensor Fault *Contact Installer* خارجی سینسر کی خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	خارجی سینسر کی ناکامی	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Low Mains Voltage *Contact Electricity Provider* کم مینس وولٹیج بجلی فراہم کنندہ سے رابطہ کریں	کم مینس وولٹیج	کسی سند یافتہ الیکٹریشین یا اپنے بجلی فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
PCB Fault *Contact Installer* PCB خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	غیر مرکب PCB	غیر مرکب PCB۔ براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں ۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Too Many Restarts *Contact Installer* انتہائی زیادہ دوبارہ شروع کرنے کا عمل انسٹالر سے رابطہ کریں	15 منٹ کے اندر 5 بار بوائلر دوبارہ شروع کیا گیا	1. پاور آف کردیں اور فیوز والے اسپر پر آن کریں۔ 2. اگر بوائلر چالو نہیں ہوتا ہے تو ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Lockout 6 *Restart Boiler* *Contact Installer* لاک آؤٹ 6 ری اسٹارٹ بوائلرانسٹالر سے رابطہ کریں	غیر حقیقی فلیم لاک آؤٹ	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔

جاری . . . . . .

9. (جاری) ڈسپلے فنکشنس - فالٹ سے متعلق پیغامات

بوائلر ڈسپلے کا پیغام	وضاحت	کارروائی
Boiler Type Card Fault *Contact Installer* بوائلر ٹائپ کارڈ کی خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	BCC فعال بنانے کی خرابی	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
PCB Replaced *Restart Boiler* PCB تبدیل کیا گیا بوائلر دوبارہ شروع کریں	BCC کی خرابی	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Low Water Pressure 1 Fill System to 1.0 Bar 2 Bleed Radiators 3 Contact Installer پانی کا کم پریشر 1 1.0 بار تک سسٹم کو بھر دیں 2 ریڈیئیٹرس کو بلیڈ کریں 3 انسٹالر سے رابطہ کریں	پانی کا کم پریشر	جانچ کریں کہ پریشر گیج پر سسٹم کا پریشر 1 اور 1.5 بار کے درمیان ہے۔اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Overheat Lockout 1 Fill System to 1.0 Bar 2 Bleed Radiators 3 Check Radiator Valves Open 4 Restart Boiler 5 Contact Installer اوور ہیٹ لاک آؤٹ 1 1.0 بار تک سسٹم کو بھر دیں 2 ریڈیئیٹرس کو بلیڈ کریں 3 ریڈیئیٹر والوز کو کھول کر جانچ کریں 4 بوائلر کو دوبارہ شروع کریں 5 انسٹالر سے رابطہ کریں	فلو کا درجہ حرارت اوور ہیٹ یا پانی کا کوئی فلو نہیں	جانچ کریں کہ پریشر گیج پر سسٹم کا پریشر 1 اور 1.5 بار کے درمیان ہے ۔ اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔

جاری . . . . . .

9. (جاری) ڈسپلے فنکشنس - فالٹ سے متعلق پیغامات

بوائلر ڈسپلے کا پیغام	وضاحت	کارروائی
Flame Loss 1 Check Other Gas Appliances Work 2 Contact Installer فلیم کا زیاں 1 گیس کے دیگر اپلائنسیز کے کام کی جانچ کریں 2 انسٹالر سے رابطہ کریں	فلیم کا زیاں	1. گھر میں موجود گیس کے دیگر اپلائنسیز کی جانچ کریں کہ آیا وہ کام کر رہے ہیں تا کہ اس بات کی تصدیق ہو سکے کہ جائیداد میں سپلائی موجود ہے۔ 2. اگر دیگر اپلائنسیز کام نہیں کرتے ہیں یا اگر دیگر اپلائنسیز گھر میں نہیں ہیں تو جانچ کر لیں کہ گیس کی سپلائی میٹر پر آن ہے اور / یا یہ کہ پیشگی ادائیگی والے میٹر میں کریڈٹ موجود ہے۔ اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Ignition Lockout 1 Check Other Gas Appliances Work 2 Restart Boiler 3 Contact Installer اگنیشن لاک آؤٹ 1 جانچ کر لیں گیس کے دیگر اپلائنسیز کام کرتے ہیں 2 بوائلر دوبارہ شروع کریں 3 انسٹالر سے رابطہ کریں		
Fan Fault *Contact Installer* فین کی خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	فین کی خرابی	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Flow Thermistor Fault *Contact Installer* فلو تھرمسٹر کی خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	فلو تھرمسٹر	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔
Return Thermistor Fault *Contact Installer* ریٹرن تھرمسٹر کی خرابی انسٹالر سے رابطہ کریں	ریٹرن تھرمسٹر	اپلائنس کو دوبارہ شروع کریں – اگر بوائلر نہیں چلتا ہے تو براہ کرم (اگر ضمانت کے تحت ہے تو) آئیڈیل سے رابطہ کریں یا اگر ضمانت کی مدت ختم ہو چکی ہے تو متبادل طور پر گیس سیف کے کسی رجسٹرڈ انجنئر سے رابطہ کریں۔ IE میں کسی رجسٹرڈ گیس انسٹالر (RGII) سے رابطہ کریں۔

آئیڈیل اسٹیلریڈ گروپ **(Ideal Stelrad Group)** اپنی مصنوعات کے ڈیزائن اور کارکردگی میں مسلسل بہتری لانے کی ایک پالیسی پر گامزن ہے۔ لہٰذا بغیر اطلاع کے مواصفات میں تبدیلی کا حق محفوظ ہے۔

Ideal, P.O. Box 103, National Ave, Kingston Upon Hull, HU5 4JN.
ٹیلی فون: 01482 492251 فیکس: 01482 448858. رجسٹریشن نمبر، لندن 137 322۔